ادارہ

مسافرانِ آخرت

● پروفیسر حفیظ تائبؔ رحمہ اللہ

ممتاز نعت گو شاعر جناب پروفیسر حفیظ تائبؔ طویل علالت کے بعد ۱۲رجون ۲۰۰۴ء کو لاہور میں انتقال کر گئے۔مرحوم انتہائی شفیق استاذ،خلیق ومہربان، عابد وزاہد اور شب زندہ دار انسان تھے۔پاک وہند کے نعت گو شعراء میں انہیں جو مرتبہ اور عروج ملا، وہ کم ہی کسی کو نصیب ہوتا ہے۔ان کے نعتیہ اشعار جذبۂ حُبِ رسول ﷺ سے معمور ہیں۔وہ نبی خاتم ﷺ کے عاشقِ صادق تھے۔شہرت و تصنع سے کوسوں دور ایک مٹا ہوا عاجز اور صابر و شاکر انسان مگر اللہ نے عزت وشہرت کا تاج اُن کے سر پر سجایا۔اُن کی نعتیں عقیدۂ توحید وختم نبوت، اتباع سنت اور قرآن کے پیغام ہدایت سے لبریز ہیں۔اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔(آمین)

- ● چیچہ وطنی میں ہمارے رفیق فکر چودھری محمد اشرف صاحب کے ماموں سسر
- ● مجلس احرار اسلام جھنگ کے ناظم قاری محمد اصغر عثمانی کے والدِ ماجد
- ● مجلس احرار اسلام رحیم یار خان کے ناظم حافظ محمد اشرف صاحب کے بڑے بھائی
- ● چنیوٹ میں جناب ملک رب نواز ایڈووکیٹ کے بھائی
- ● ڈاکٹر عبدالرؤف شیخ (ملتان) کے بھائی

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت فرمائے، حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔جملہ پسماندگان ولواحقین کو صبرِ جمیل عطا فرمائے (آمین)

امیر احرار سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ، تمام احرار کارکن اور ادارہ ''نقیبِ ختم نبوت'' کے اراکین جملہ مسافرانِ آخرت کے لیے مغفرت کی دعا کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہارِ تعزیت کرتے ہیں۔قارئین سے بھی دعائے مغفرت اور ایصالِ ثواب کی درخواست ہے۔

دعائے صحت

- ● مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن محترم محمد اسماعیل (بن مستری دین محمد مرحوم) شدید علیل ہیں۔
- ● ہمارے کرم فرما محترم قاری ظہور رحیم عثمانی (لیاقت پور) عارضۂ قلب میں مبتلا ہیں۔

احباب وقارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔

القاسم اکیڈمی کی عظیم تاریخی اور انقلابی پیشکش

اکیسویں صدی کی پہلی جنگ

معرکہ صلیب وطالبان

صلیبی دہشت گردی اور عالم اسلام

طالبانِ افغانستان کے تناظر میں

جہادِ افغانستان، تحریکِ طالبان، ملا محمد عمر، اسامہ بن لادن، جہاد اور دہشت گردی، نظامِ شریعت سے مغرب کا بے جا خوف، دینی مدارس بالخصوص دار العلوم حقانیہ، اسلام کے بارے میں مغرب کی لاعلمی اور غلط فہمیاں، امریکی اور مغربی دنیا کے عزائم اور مسلم امۃ پر جارحانہ یلغار، سقوط بغداد مسئلہ فلسطین وکشمیر اور پاکستان کی ایٹمی صلاحیت جیسے اہم وحساس قومی وبین الاقوامی موضوعات کے تناظر میں عالمی اور مغربی میڈیا سے مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کا دوٹوک مکالمہ

انٹرویوز

حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ

مرتب

مولانا عبدالقیوم حقانی

معاون

مولانا عرفان الحق حقانی

قیمت 240

صفحات 520

القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد ضلع نوشہرہ سرحد پاکستان